Maulana Azad National Urdu University

M.A. Translation Studies, III Semester Examination - December - 2017

Paper : MATS301CCT : Machine Translation - II

پرچہ : مشینی ترجمہ - II

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ہندوستان میں مشینی ترجمہ کی کوششوں کا آغاز .... کے دہے میں ہوا۔

(1980 / 1970 / 1950)

(ii) ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ فار انڈین لینگویجز (TDIL) حکومت ہند کی .... کے تحت چلایا جاتا ہے۔

(وزارت خارجہ/ وزارت اطلاعاتی وترسیلی ٹکنالوجی/ وزارت فروغ انسانی وسائل)

(iii) مشینی ترجمہ کے ہندوستانی یونیورسٹیوں میں ہو رہے استعمال پر 2002ء میں .... نے رپورٹ پیش کی تھی۔

(بندیوُاپادھیائے/ بنکم چندر چٹرجی/ سُریش واڈھیکر)

(iv) ہندوستانی زبانوں کا مشین اعانتی نظام .... کے تعاون سے تیار کیا گیا۔

(CDAC پونے/ TDIL نئی دہلی/ CIIL میسور)

(v) ماترا (MATRA) کیا ہے؟

(vi) آنگلا بھارتی کا پہلا نمونہ کب اور کن دو زبانوں کی جوڑی کے لئے تیار کیا گیا تھا

(vii) اردو سے ہندی میں مشینی ترجمہ کا سوفٹ ویر "ترجمہ کار" کس ادارے نے تیار کیا؟

(viii) مشینی ترجمہ کے قواعد سے متعلق کتاب Urdu: An Essential Grammar کس کی تصنیف ہے؟

(ix) اردو مشینی ترجمہ کا اولین آن لائین پورٹیل کون سا ہے؟

(x) ہندوستانی زبانوں سے ہندوستانی زبانوں میں مشینی ترجمہ کی تیاری کے لیے مختلف جامعات اور قومی سطح کے اداروں کا کنسورشئیم کس ادارے کے زیر نگرانی ہے؟۔

P.T.O

حصہ دوم

2۔ گوگل ٹرانسلیٹر کا مختصر تعارف پیش کیجئے۔

3۔ مشینی ترجمہ کے ہندوستانی پروجکٹ آنگلا بھارتی کا تعارف پیش کیجیے۔

4۔ مشینی ترجمہ کا نظام منترا(Mantra) کس طرح کام کرتا ہے۔

5۔ اردو مشینی ترجمہ کے لئے سی ڈیک(CDAC) پونے کی سرگرمیوں کا جائزہ لیجئے۔

6۔ مشینی ترجمہ کے میدان میں اردو کے حوالے سے تحقیقی سرگرمیوں میں مصروف کوئی دو اہم شخصیات کا تعارف کرائیے۔

7۔ مشینی ترجمہ کے میدان میں مصروف کسی ایک بین الاقوامی انجمن کا تعارف کرائیے۔

8۔ مشینی ترجمہ سے متعلق کسی ایک کتاب کا تعارف کرائیے۔

9۔ مشینی ترجمہ سے متعلق اہم رسائل و جرائد کا تعارف کرائیے۔

حصہ سوم

1۔ مشینی ترجمہ کے استعمال کی مختلف نوعیّتوں کو تفصیل سے سمجھائیے۔

2۔ آئی آئی آئی ٹی (IIIT) حیدرآباد کے لسانیاتی تکنالوجی مرکز(LTRC) میں اردو سے متعلق مشینی ترجمہ کے میدان میں جاری تحقیقی سرگرمیوں کا تعارف کرائیے۔

3۔ مشینی ترجمہ کی معیار بندی اور تعین قدر سے متعلق اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

4۔ مقتدرہ قومی زبان پاکستان کی مشینی ترجمہ سے متعلق خدمات کا مفصل جائزہ لیجیے۔

5۔ مشینی ترجمہ کے میدان میں اردو زبان کے مستقبل اور امکانات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

☆☆☆